Hungarian Helsinki Committee

UNHCR
The UN Refugee Agency

# سرحد پر پناہ

**آپ ہنگری میں ہیں.** ہنگری کی سرکاری زبان ہنگیرین (ماجیار) ہے، مگر آپ پناہ گزینی کی کاروائی کے دوران اپنی مادری زبان یا ایک ایسی زبان کا استعمال کر سکتے ہیں جس کو آپ اچھے طریقے سے سمجھ اور بول سکتے ہیں. ہنگری یورپین یونین کا رکن ملک ہے اور وسطی یورپ میں واقع ہے.

ہنگری - سربیا کی **سرحد کو باڑھ (جنگلہ)** لگا کر بند کر دیا گیا ہے. سرحد پر موجود اس جنگلے میں (روسکے اور تومپا کے مقام پر) **دو ٹرانزٹ زون** قائم کیئے گئے ہیں، جن کے ذریعے آپ ہنگری میں داخل ہو سکتے ہیں اور صرف وہیں پر پناہ کی درخواست کو جمع کروا سکتے ہیں. اگر آپ سربیا کی جانب سے ان مقرر کردہ ٹرانزٹ زون کے راستے سے نہیں، بلکہ سرحد پر موجود جنگلے کو عبور کر کہ ہنگری کے علاقے میں داخل ہوتے ہیں، تو نئے قوانین کی رو سے آپ **جرم کا ارتکاب** کرتے ہیں. اگر پولیس آپ کو ہنگری کے علاقے میں کسی جگہ پر بھی گرفتار کرتی ہے، تو اس صورت میں آپ کو فورا جنگلے کی دوسری جانب واپس بھیج دیا جاۓ گا.

ٹرانزٹ زون میں داخلہ

اگر آپ ہنگری میں ٹرانزٹ زون کے راستے سے داخل ہوتے ہیں، تو سب سے پہلے **پولیس کی جانچ پڑتال (چیکنگ)** سے گزریں گے جس کے بعد آپ کے **ذاتی کوائف** کا اندراج ہو گا (آپ سے آپ کا اور آپ کے خاندان کے دیگر افراد کا نام پوچھا جائے گا، اور اگر آپ کی عمر 14 سال سے زیادہ ہے، تو آپ کے فنگر پرنٹس لیئے جائیں گے). اس دوران پولیس آپ سے سوال کرے گی کہ آیا آپ ہنگری میں پناہ گزینی کی درخواست جمع کروانا چاہتے ہیں یا نہیں. اگر آپ کا جواب مثبت (جی/ ہاں) ہو گا، تو **امیگریشن کا ادارہ** ٹرانزٹ زون میں موجود ایک کنٹینر میں آپ کا انٹرویو لے گا.

نئے قوانین کی رو سے **ہر پناہ گزین،** جن میں **بچوں پر مشتمل خاندان** اور **ساتھی کے بغیر پہنچنے والے 14 اور 18 سال سے کم عمر کے بچے** بھی شامل ہیں، کو پناہ گزینی کی کاروائی کی پوری مدت تک ٹرانزٹ زون میں رہنا ہو گا. اس کا یہ مطلب ہے کہ آپ ٹرانزٹ زون کو ہنگری کی جانب اس وقت تک نہیں چھوڑ سکتے، جب تک آپ کو مثبت میں جواب نہیں مل جاتا. آپ ٹرانزٹ زون کو سربیا کی جانب چھوڑ سکتے ہیں، مگر آپ کے لیئے اس بات کا جاننا ضروری ہے، کہ ایسا کرنے کی صورت میں امیگریشن کا ادارہ ان کے پاس موجود معلومات کی بنیاد پر آپ کے امگیریشن کی کاروائی کا فیصلہ کرے گا.

**ساتھی کے بغیر تنہا سفر کرنے والے 14 سال سے کم عمر کے بچوں** کو ایک کھلی یا آزاد رہائش میں منتقل کیا جائے گا. اگر آپ 14 سال سے کم عمر کے ہیں، تو ملک میں داخلے کے بعد پولیس کو اپنے کوائف دیتے وقت اس امر کے بارے میں فوری طور پر آگاہ کریں. اگر آپ کی عمر کی حقیقت کے بارے میں شبہ محسوس ہو گا، تو امیگریشن کا ادارہ ٹرانزٹ زون میں موجود ڈاکٹر سے آپ کی صحیح عمر کا تعین کرنے کے لیئے درکار ٹیسٹ کا مطالبہ کرے گا. صحیح عمر کے تعین کا ٹیسٹ بلا معاوضہ ہے. اگر آپ اپنی تعین کردہ عمر کے بارے میں ڈاکٹر سے اتفاق نہیں کرتے، تو آپ لکھائی میں ایک دوسرے فری ٹیسٹ کی درخواست کر سکتے ہیں. درخواست کے آخر میں اپنے دستخط کریں! ان کو ہر وہ دستاویز دکھائیں جو آپ کی عمر کو ثابت کرتا ہو.

سرحد پر کی گئی پناہ گزینی کی کاروائی

**امیگریشن کا ادارہ** آپ کی سماعت کرے گا، تب آپ کو انہیں بتانا ہو گا کہ آپ کو **اپنے ملک میں کون سے مسائل درپیش تھے اور آپ کو اپنا ملک چھوڑ کر کیوں آنا پڑا**. آپ کو انہیں یہ بھی بتانا ہو گا کہ ہنگری آنے سے قبل آپ نے کسی دوسرے ملک مثلاً سربیا، کروئیشیا، یونان یا بلغاریہ میں **پناہ گزینی کی درخواست جمع کروائی تھی یا نہیں.** بہت ضروری ہے کہ آپ اپنی ہر بات کو تفصیل سے بیان کریں حتی کہ ان باتوں اور احساسات کو بھی، جن کو بیان کرنے سے آپ غم اور تکلیف محسوس کرتے ہیں. آپ کو **ترجمان** بھی فراہم کیا جائے گا لہذا آپ گھبرائیے نہیں اور ضرور بتائیں اگر آپ ترجمان کو یا ترجمان آپ کی باتوں کو نہیں سمجھ پاتا. انٹرویو کے آخر میں ترجمان آپ کو وہ تمام باتیں **واپس پڑھ کر سنائے گا** جو آپ نے انٹرویو کے دوران کہیں. اگر ایسا نہ ہو تو اس کے بارے میں ضرور کہیں! اگر آفیسر نے کسی بات کو آپ کے بتائے ہوئے طریقے سے مختلف انداز میں درج کیا ہو، تو آپ اس کو ٹھیک طریقے سے دوبارہ لکھنے کے بارے میں کہیں. آپ انٹرویو کے ریکارڈ کی ایک کاپی کی درخواست بھی کیجئے. آفیسر اور ترجمان **آپ کی سنائی ہوئی آپ بیتی کو کسی دوسرے شخص کو نہیں بتا سکتے، لہذا آپ اپنی تمام باتیں مکمل سچائی سے بیان کر سکتے ہیں.**

اگر یورپین یونین کے کسی بھی ملک میں آپ سے آپ کے **فنگر پرنٹس** لیئے جا چکے ہیں، تو آپ کو اس ملک میں واپس بھیجا جا سکتا ہے. پھر وہ ملک آپ کی پناہ گزینی کی کاروائی کا ذمہ دار ہو گا. اس کو **ڈبلن سسٹم** کہا جاتا ہے. اگر آپ مندرجہ بالا صورت حال سے دوچار ہیں تو امیگریشن کا ادارہ اس ملک کے ساتھ رابطہ کرے گا، جو آپ کی پناہ گزینی کی کاروائی کو مکمل کرنے کا ذمہ دار ہے. اس کے بارے میں آپ ایک فیصلہ یا نوٹس وصول کریں گے. آپ کے کیس میں ذمہ دار ملک کے پاس جواب دینے کے لیئے کئی مہینے کا وقت حاصل ہے. ہنگری تک پہنچنے اور بلغاریہ یا یونان کو چھوڑنے کے دوران اگرآپ نے سربیا اور/ یا مقدونیہ میں لگ بھگ تین مہینے گزارے ہوں، تو اس امر کو آپ دستاویزات کے ساتھ ثابت کرنے کی کوشش کریں. اگر آپ اس امر کو ثابت کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں، تو ڈبلن سسٹم کے مطابق آپ کو بلغاریہ یا یونان میں واپس نہیں بھیجا جا سکتا. **اس لیئے آپ اپنے سربیا اور مقدونیہ کے دستاویزات سنبھال کر رکھیں اور انہیں امیگریشن کے ادارے کو دکھائیں.**

**ڈبلن سسٹم** کے مطابق، آپ یورپین یونین کے کسی دوسرے ملک میں موجود، اپنے بیوی/ خاوند یا کم عمر اور غیر شادی شدہ بچوں کے ساتھ، یا اگر آپ بچے ہیں، تو اپنے والدین یا دیگر رشتہ داروں کے ساتھ ملاپ (فیملی ری- یونین) کا مطالبہ کر سکتے ہیں. اگر آپ فیملی ری- یونین کی کاروائی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں، تو امیگریشن کے ادارے کے انٹرویو میں ان کو اس امر کے بارے میں آگاہ کریں.

امیگریشن کے ادارے کے پاس آپ کی درخواست کی **رجسٹریشن کے بعد فیصلہ کرنے تک 60** دن کا وقت ہے.

کاروائی کے اختتام پر 4 قسم کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے:

1) آپ کو **پناہ گزین** کا سٹیٹس (درجہ) دیا جاتا ہے: آپ کے پاس شناختی کارڈ اور ایڈریس کارڈ ہو گا. آپ کام کر سکتے ہیں، **آپ اپنا خاندان یہاں لا سکتے ہیں** اور آپ کا بچہ سکول جا سکتا ہے. آپ کو یہاں ہم آہنگ ہونے کے لیئے کچھ مدد فراہم کی جائے گی.

2) آپ کو **تحفظ فراہم کردہ فرد** کا سٹیٹس (درجہ) دیا جاتا ہے: آپ کے پاس شناختی کارڈ اور ایڈریس کارڈ ہو گا. آپ کام کر سکتے ہیں، آپ کا بچہ سکول جا سکتا ہے. آپ اپنے خاندان کو صرف قانون میں متعین کردہ شرائط کے تحت یہاں لاسکتے ہیں. آپ کو ہم آہنگ ہونے کے لیئے کچھ مدد فراہم کی جائے گی.

3) آپ کو **قبول کیئے گئے فرد** کا سٹیٹس (درجہ) دیا جاتا ہے: امگیریشن کا ادارہ ہر سال آپ کے سٹیٹس پر نظر ثانی کرے گا. آپ غیر ملکیوں پرلاگو عام قوانین کے تحت کام کر سکتے ہیں اور آپ اپنے خاندان کو یہاں نہیں لا سکتے.

4) آپ کی درخواست کو رد کر دیا جاتا ہے (آپ کو **نیگیٹو فیصلہ** ملتا ہے)، کیونکہ امیگریشن کے ادارے کے مطابق آپ کا وطن آپ کے لئے محفوظ جگہ ہے. اگر آپ نیگیٹو فیصلے کو قبول نہیں کرتے، تو **8 دن کے اندر اندر** آپ عدالت سے رجوع کر سکتے ہیں اور ان سے **ذاتی سماعت کی درخواست** کر سکتے ہیں. آپ ان کو لکھائی میں بتائیں کہ آپ ان کے فیصلے سے اتفاق کیوں نہیں کرتے. اگر آپ کو اس میں مدد درکار ہو، تو ہنگرین ہلسنکی کمیٹی کے وکیل یا NHCRU کے سٹاف سے بات کیجیئے. اگر عدالت امیگریشن کے ادرے کے فیصلے سے اتفاق کرتے ہوئے آپ کی اپیل کو مسترد کر دیتی ہے، تو آپ پناہ گزینی کی مزید ایک اور درخواست دائر کر سکتے ہیں، اگرچہ کہ اس دوران آپ کے کیس میں نئے حقائق یا حالات پیدا ہو گئے ہوں. آپ کے لیئے یہ جاننا ضروری ہے، کہ پناہ گزینی کی دوسری درخواست کے دوران آپ کو صرف رہنے کے لیئے جگہ دی جائے گی اور آپ کھانے پینے کی سہولت فراہم نہیں کی جائے گی. اپیل دائر نہ کرنے کی صورت میں آپ کو ہنگری سے بے دخل (ڈیپورٹ) کر دیا جائے گا.

اگر آپ کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے تو آپ کو ایک کھلے یا آزاد کیمپ میں لے جایا جائے گا جہاں آپ ایک مہینے تک رہ سکتے ہیں. وہاں آپ کو آپ کا شناختی کارڈ ملے گا اور اس کے علاوہ آپ کو کھانے پینے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی. مندرجہ ذیل نقشہ آپ دیکھ دیکھ سکتے ہیں کہ ہنگری میں کھلے پناہ گزین کیمپ کن مقامات پر موجود ہیں.

ٹرانزٹ زون میں مہیا مدد اور سہولیات

اگر آپ کو آپ کی پناہ گزینی کی درخواست کے فیصلے تک کی مدت میں ٹرانزٹ زون میں رکنا پڑے، تو آپ کو روزانہ **بستر** اور **خوردونوش** کا سامان مہیا کیا جائے گا. خاندانوں کو علیحدہ کنٹینر میں رکھا جائے گا. ہر سیکٹر میں بیت الخلاء، حمام، واشنگ مشِن، کھانے کے لیئے جگہ اور اور بات چیت کے لیئے مختص مقام کی سہولت موجود ہے. اگر آپ کو صحت کے بارے میں مسائل درپیش ہیں، تو آپ **وہاں پر موجود ڈاکٹر** سے رجوع کریں. سوشل ورکر ہر دن آپ کے سیکٹر میں موجود ہوتا ہے. متعدد فلاحی تنظیمیں باقاعدگی سے ٹرانزٹ زون کا دورہ کرتی ہیں، پناہ گزینوں کی امداد کرتی ہیں اور اس کے علاوہ بچوں کے لیئے مختلف پروگراموں کا انعقاد بھی کرتی ہیں. تعلیمی سال کے دوران (ستمبر سے جون کے درمیان) بچے (6 سے 16 سال کی عمر تک) منظم کلاسوں میں شرکت کرسکتے ہیں جن کو سکول کے اساتذہ سوموار سے جمعہ تک

9 بجے سے 11:45 کے دوران منعقد کرتے ہیں. 3 اور 6 سال کے درمیان کی عمر کے بچوں کے لیئے ہفتہ کے دوران صبح 8 اور دوپہر 4 بجے کے درمیان کنڈر گارڈن کی سہولت موجود ہے.

اگر آپ کو پناہ گزینی کی کاروائی کے کسی بھی مرحلے کے دوران وکیل کی ضرورت پڑے، تو لکھائی میں امیگریشن کے ادارے سے رجوع کریں اور ان سے **ایک انسانی حقوق کی تنظیم، ہنگری کی ہلسنکی کمیٹی کی وکیل، کوواچ تیمیا یا بالاژ یولیا** سے یا حکومت کی طرف سے مہیا کردہ وکیل یا کسی بھی ہنگیرین وکیل، جو کہ ہنگیرین بار ایسوسی ایشن کا رکن ہے، سے ملنے کی درخواست کریں. اگر آپ حکومت کی طرف سے مہیا کردہ وکیل سے ملاقات کرنا چاہتے ہوں تو سوموار سے جمعہ تک لکھائی میں امیگریشن کے ادارے سے رجوع کریں. آپ کو اس سہولت کے لیئے پیسے ادا نہیں کرنے پڑیں گے، یہ دونوں سہولتیں بلا معاوضہ ہیں. آپ **UNHCR** کے سٹاف سے بھی بات کر سکتے ہیں جو روزانہ ٹرانزٹ زون میں موجود ہوتے ہیں.

